اسلامی دنیا

چیف ایڈیٹر
حسن افضل بدر

چندہ سالانہ — صہ
بیرون ہند سے — ۸ عہ

اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ

اسلامی دنیا

زیر سرپرستی

حضرت قمر العلماء لسان الملت ناصر الشریعت ثقتہ الاسلام مولانا مولوی محمد لقاء علی صاحب حیدری مدظلہ العالی

زیر حمایت

حضور عالی امیر الامراء ہز ہائی نس نواب سر واصف علی میرزا بہادر کے۔ سی۔ ایس۔ آئی۔ کے۔ سی۔ وی۔ او نواب بہادر آف مرشد آباد دوام اقبالہ

چیف ایڈیٹر
حسن افضل بدر

نمبر ۴ لغایتہ ۶ بابتہ ماہ اگست لغایتہ اکتوبر ۱۹۴۳ء جلد ۱

نقد و تبصرہ

(۱) ہم کسی گزشتہ اشاعت میں نقد و تبصرہ کے متعلق اپنی ناقص رائے پیش کر چکے ہیں جس کے اعادہ کی ضرورت نہیں
ہے۔ ہمارے دفتر میں متعدد کتب و رسائل موجود ہیں جن پر اب تک تبصرہ نہیں ہوا ہے۔ ہم ان تمام حضرات سے معذرت خواہ
ہیں جنھوں نے از راہ کرم جواہر ریزے ہمارے یہاں بغرض ریویو بھیجے تھے۔ آج ہم ان میں بعض کے متعلق کچھ عرض
کرینگے اور باقی انشاء اللہ تعالیٰ اشاعت آیندہ میں۔ جس دور ابتلا سے دنیا اس وقت گزر رہی ہے وہ عالم آشکارا ہے۔ کسی تفصیل
کا محتاج نہیں ہے فتنہ و فساد۔ خونریزی و سفاکی۔ ظلم و ستم۔ جبر و تعدی ہونا کہ [illegible] کی جس قدر داستانیں آج تک
صفحہ تاریخ پر آچکی تھیں موجودہ حالات نے ان سب پر پانی پھیر دیا اور [illegible] تک جس قدر روایات بیان کی
جا چکی ہیں وہ موجودہ حالات کے مقابل خردل او خرمن کے مقابلے بھی نہیں ہیں۔ اس دور ابتلا میں انسانیت کے
بہی خواہوں کا فریضہ تھا کہ وہ دنیا کے سامنے ایسی چیزیں پیش کرتے.... جو ان کو حق و صداقت۔ ایثار و قربانی خدا
پرستی و برادر نوازی کا بہترین سبق دے سکیں اور ایسی مقدس ہستیوں کو مثال میں پیش کرتے جو عدیم المثال ہوتیں
لیکن جن حضرات کے قلوب درد انسانیت سے خالی اور حق پرستی و صداقت [illegible] سے نا آشنا ہیں وہ کیا کریں۔
مجبور ہیں اور اپنی خامیوں کو پختہ کاری ثابت کرنے کیواسطے جو چاہتا ہے لکھ مارتے ہیں اور ناواقف دنیا کو جہالت
کے تنگ و تاریک قعر میں ڈالتے ہیں۔ ایسی صورت میں یقیناً وہ حضرات قابل مدح ہیں جو انسانیت کی خدمت صحیح
معنوں میں کرتے ہیں اور دنیا کو صراط مستقیم پر چلنے کی دعوت دیتے ہیں حضرت مولوی سید قائم رضا صاحب نسیم امروہوی
سے ادبی دنیا کافی روشناس ہے اور جو کسی تعریف کے محتاج نہیں ہیں۔ اکثر و بیشتر اپنے قلمی شاہکاروں کے ذریعہ
سے انسانیت کی بالعموم اور اسلامی دنیا کی بالخصوص خدمت کرتے رہتے ہیں۔ اپنے ایک [illegible] کے ذریعہ سے دنیا
کے سب سے بڑے ہیرو اور اسکے تھوڑے سے ساتھیوں کی مبارک زندگی کے چند ساعات کو اس طرح پیش فرماتے ہیں کہ واقعی
اگر ٹھنڈے دل سے غور کیا جائے تو فساد پسند انسانوں کی بھی ذہنیت بدل سکتی ہے۔ یہ مسدس جلسہ یادگار حسینی لکھنؤ میں
پڑھا گیا اور اس درجہ مقبول ہوا کہ ہر بند کو بار بار پڑھنے کی فرمائش تھی۔ مسٹر شرف الدین ایڈوکیٹ لکھنؤ جو اس وقت صدر جلسہ تھے۔ [illegible]
میں ایک مقدمہ اس مسدس کے قبل ہے عمدہ لکھائی اور چھپائی کیساتھ اعلیٰ درجہ کے کاغذ پر شائع ہوا ہے۔ قیمت صرف ایک روپیہ ہے جو بلحاظ اسکی

۔۔۔ ادارت ۔۔۔ آپ کی طبیعت میں قدرت نے تحقیق اور تفتیش کا مادہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہے ۔ آپ قلمی
۔۔۔ آپ ۔۔۔ اپنے ایک مضمون شعبہ کالج نیوز رسالہ ۔۔۔ اور ان کے ادبی اخبار سرفراز
۔۔۔ اس کا عنوان تھا ”تخیل“ میں کربلا کے نقش و نگار“ یعنی غزل کے دامن پر کربلا کی رنگینی“ یہ
مضمون ۔۔۔ عجیب و غریب ادبی انکشاف تھا اور اس ۔۔۔ اس موضوع پر کوئی مضمون آج تک
ادبی دنیا میں پیش نہیں ۔۔۔ رسالہ میں جناب موصوف نے اپنے رہبر کو ایک حد تک مکمل کر کے کتابی
صورت میں پیش فرمایا ہے اور اس کا نام خون شہیداں رکھا ہے اس کتاب میں بدلائل و براہین تاریخی حیثیت
۔۔۔ ت کیا ہے کہ مشرقی زندگی اور ادب پر بالعموم اور بالخصوص غزل پر واقعہ کربلا کا کیا اثر ہوا ہم نے یہ کتاب
۔۔۔ سے آخر تک ۔۔۔ اور ایک بار نہیں بلکہ بار بار پڑھی اور بے اختیار جناب شیخ صاحب سے کہنے کو دل
چاہتا ہے کہ ”اس کا ۔۔۔ آمدہ مرداں چنیں کنند“ کتاب اگرچہ کوئی مذہبی کتاب نہیں ہے لیکن واقعہ کربلا کی تاریخ اور
یہی تاریخ ہے جس کو دیکھ کر ہر صاحب دل متاثر ہوگا۔ واقعہ کربلا پر پردہ ڈالنے والے حضرات کی کوششوں پر
پانی پھر جائے گا۔ اس کتاب کے متعلق کچھ لکھنا واقعی منہ چڑھانا ہے اس کی تعریف میں صرف اس قدر کہہ سکتا ہوں
کہ ۔۔۔ ”یہ کتاب سرفراز پریس۔ نظامی پریس اور صدیق بکڈپو لکھنؤ سے مل سکتی ہے علاوہ
۔۔۔ ورق کے　　لائبریری ایڈیشن کا غذ نہایت عمدہ لکھائی دیدہ زیب اور ان خوبیوں کے باوجود
قیمت صرف ایک روپیہ چار آنے ہم آئندہ اشاعتوں میں اس کتاب کے بعض اہم اجزا شایع کریں گے مصنف
۔۔۔ چند سرخیاں لکھے دیتے ہیں جس سے اندازہ ہوسکے کہ اس نادر الوجود کتاب میں کیا ہوگا۔ اس میں
۔۔۔ باب ہیں باب اول میں ”تخیل کے اثرات اور عمل“ کے تحت تخیل اور اس کے اقسام درج ہیں جنکی
مختصر تفصیل دیدی ہے اور باب دوم میں ”واقعہ کربلا کے تخیل کی اہمیت“ درج ہے۔ اس باب کے مختلف اجزا پر
روشنی ڈالی ہے۔ صرف ان سرخیوں سے اندازہ ہوسکے گا کہ یہ کتاب ادبی ہے لہٰذا ہر مذہب و ملت کے افراد

جو ادب کے دلدادہ ہوں اس سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

"تاریخ حسینی" حضرت علامہ سید ابن طاؤس علیہ الرحمہ کی کتاب لہوف کا ترجمہ جناب ڈاکٹر مہدی حسین صاحب ایم اے۔ پی ایچ ڈی (لندن) ڈی لٹ (پ س) نے بہترین عنوان سے کیا ہے اس ترجمہ پر مشاہیر کی تقاریظ ہیں اور اگر تقاریظ نہ ہوتیں تب بھی ڈاکٹر صاحب کی اعلیٰ شخصیت اس ترجمہ کی اہمیت کی ضامن ہے۔ صرف چند کاپیاں باقی رہ گئی ہیں واقعات کربلا سے واقفیت حاصل کرنے والے حضرات جو مستند تاریخی مجموعہ اردو زبان میں دیکھنا چاہیں جلد توجہ کریں۔ ورنہ بعد کو افسوس رہے گا ۲۴ صفحے پر ترجمہ ختم ہوا ہے اور قیمت صرف ۸/ ہے

ملنے کا پتہ منیجر حسین ریسرچ انسٹی ٹیوٹ گزری منصور خاں آگرہ　　خاکسار حیدری

تقریب معیار المراثی

مختلف زمانوں، مختلف ممالک اور مختلف زبانوں میں مرثیہ گوئی کا سلسلہ تاریخ کے صفحات پر نظر آتا ہے جس قدر بھی مرثیے اب تک کہے گئے ہیں بلکہ آئندہ کہے جائیں گے ان سب میں حضرت سید الشہدا علیہ السلام کے متعلق مراثی سب سے زیادہ پُر اثر دردانگیز اور رقت خیز ہیں اور رہیں گے۔
حضرت امام عالی مقام کے مرثیہ گوئی میں مختلف زمانہ میں مختلف زبانوں میں کہنے والے حضرات گزرے ہیں لیکن اردو زبان میں تمام مرثیہ گویوں میں حضرت انیس و دبیر اعلی اللہ مقامہما کے اسمائے گرامی قیامت تک یادگار رہیں گے بعض حضرات نے ان بندگواروں کے کلام کو تقابل کی نظر سے دیکھنے کی کوشش کی اور مولوی شبلی صاحب نے موازنہ انیس و دبیر لکھکر اپنی جودت طبع کا اظہار کیا۔ رد الموازنہ اسکا

اسکا جواب لکھا گیا ہے اس موضوع پر مختلف حضرات نے موافقت اور مخالفت میں مضامین لکھے۔ لیکن ان تمام چیزوں سے حقیقت بے نقاب نہ ہو سکی۔ ہمارے مخلص کرم فرما حضرت مولانا حافظ محمد یوسف جلیخاں صاحب عزیز الملکی سلیمانی زاد شرفہٗ امام مسجد حضرت مولانا صاحب ہے جنہوں نے محنت شاقہ گوارا فرما کے اپنے کمالات علمیہ و فن تحقیق و تفتیش کی مہارت کا اظہار اس صورت سے فرمایا کہ ایک ضخیم کتاب معیار المراثی تالیف فرمائی۔ کتاب کیا ہے در حقیقت دریا کو کوزہ میں بند کر دیا ہے ۱۲۳۰ق سے لیکر ۱۹۳۶ء تک شاعری اور مرثیہ گوئی کی تاریخ پر نظر کرتے ہوئے اردو شاعری اور مرثیہ گوئی کا کارآمد تذکرہ ۱۲۰۰ء تا تاریخ امروزہ۔ اس صورت سے فرمایا ہے کہ بے اختیار ادو سے کو دل چاہتا ہے۔ ہم نے اس جواہر ریزی کی طباعت کا اس صورت سے انتظام کیا ہے کہ ایک یا دو جزو ہر ماہ میں ہمارے رسالہ میں شائع کرینگے پہلی قسط میں ٹائیٹل پیج اور فہرست مضامین ہوگی اور اس کے بعد انشاء اللہ ماہ بماہ کتاب شائع ہوگی۔ خریداران رسالہ اسلامی دنیا کے پاس تو یہ ذخیرہ پہونچ ہی جائیگا جو صاحب رسالہ کے خریدار نہوں اور صرف اس کتاب کو حاصل کرنا چاہیں۔ ان کی خدمت میں صرف عہ سالانہ پیشگی وصول ہونے پر ہر ماہ کی شائع قسط بھیجدی جائیگی۔ پہلی قسط ماہ جنوری سنہ ۴۴ میں شائع ہوگی۔ انشاء اللہ تعالیٰ۔

محمد نثار علی حیدری مسلم مشنری قاضی محلہ بدایوں یوپی

آل انڈیا شیعہ کانفرنس اور علمائے کرام

مندرجہ بالا سرخی کے تحت خادم ملت اسلامیہ کاظم حسین صاحب بنارسی صدر الافاضل پروفیسر جوادیہ کالج و منتظم ادارہ عالیہ اسلامیہ بنارس کا ایک مضمون نظارہ مورخہ ۸ر اکتوبر سنہ ۱۹۴۳ء میں شائع ہوا۔ مجھے یہ پرچہ بدیر ملا اور اسلئے جواب اس مقالہ کا دیر میں لکھ رہا ہوں۔ لیکن دیر آید درست آید پر نظر کرتے ہوئے جو کچھ میری سمجھ میں آیا لکھدیا۔ خدا کرے جو لکھا ہے وہ سب سمجھیں اور یہ کہنے کو نہو کہ "کچھ نہ سمجھے خدا کرے کوئی"۔ اخباری دنیا میں میری ساری زندگی ابتک بسر ہوئی ہے۔ یادش بخیر کبھی لکھنؤ تھا اور ہم تھے اور آج ۴۰ سال کے بعد لکھنؤ اور لکھنؤ والوں کے متعلق کچھ لکھنے کو قلم ہاتھ سے اٹھایا ہے۔ مولانا محمد علی صاحب جوہر مرحوم کیساتھ عرصہ تک کام کرنے اور ہمدرد دہلی کی خدمت کا موقع ملا ہے اور اس سے قبل لکھنؤ کے مختلف اخباروں میں بحیثیت معاون کام کیا ہے۔ خود میرا ذاتی ایک اخبار سہ روزہ اخبار لکھنؤ کے نام سے نکل چکا ہے اور عرصہ تک قومی و ملکی خدمت انجام دی ہے اور یہ وہ زمانہ تھا کہ لکھنؤ کے تمام موجودہ اخبارات عالم وجود میں بھی نہ آئے تھے۔ جناب کاظم حسین صاحب کے اس مضمون کو پڑھکر مجھے بیحد حیرت ہوئی کہ ایک کالم میں تقریباً چہ

کا جمع کرنا واقعی آپ ہی کا کام تھا۔ آپ نے اعلان کیا ہے کہ (۱) "میں علمائے کرام کا نمائندہ نہیں ہوں" (۲) "پندرہ سن شعور سے کانفرنس کا دلی ہمدرد ہوں اور اسکی ترقی و استحکام کیلئے جو کچھ ممکن ہوتا ہے جد و جہد کرتا ہوں" (۳) یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ علمائے کرام آل انڈیا شیعہ کانفرنس سے بے تعلق رہے ہیں اور اس وقت بھی ہیں۔ (۴) میں اس قابل جماعت علماء کے نام و پتہ سے بھی واقف ہوں جس نے اپنی فراست و دور بینی سے شروع ہی میں اس سے الگ رہنے کا پر زور الفاظ میں اعلان کر دیا تھا۔ اور بے خوف و خطر کہہ کر اس کو سقیفہ بنی ساعدہ کہہ دیا تھا (۵) میرے نزدیک یہ جماعت انتہائی احترام و عزت کی مستحق ہے جس نے اپنے عمل اور روحانیت و استقامت مذہب کا عملی ثبوت دنیا و قوم کے سامنے پیش کیا ہے (۶) اب ہر وہ چھوٹے بڑے کثیر التعداد علماء لکھنؤ بدایۃً تو کانفرنس کے ساتھ تھے اور افراد قوم کو اس کی اعانت کی طرف بلایا مگر جلد ہی آہستہ آہستہ اس سے علیحدہ ہونے گئے یہاں تک کہ اب کوئی ذمہ دار عالم و مجتہد شریعت کانفرنس کے اندر موجود نہیں ہے (۷) میں علانیہ کہتا ہوں کہ ان لوگوں کو ایسا نہ کرنا چاہیئے تھا (۸) امسال اجلاس کانفرنس جہاں ہونے والا ہے کہا جاتا ہے کہ اس مقام سے علماء کانفرنس سے علیحدہ ہوئے تھے اور اسکے بعد ہی سالانہ تبلیغی مجالس کی بنیاد ڈالی گئی تھی اسلئے ۲۰ سال کے بعد پھر موقع آیا ہے کہ علماء کانفرنس میں شامل ہو جائیں۔

اسکے بعد کچھ اپنی تجویز اور کچھ قال و قیل کے بعد تحریر فرماتے ہیں (۹) میری رائے ہے کہ اگر کانفرنس ان شرطوں کو پورا نہ کر سکے تو علماء کرام کو اپنے ساتھ کر لینے کا پرانا خیال ترک کر دے (۱) صدارت اجلاس کی تخصیص صنف علماء کے ساتھ کیجائے (۲) تعلیم نسواں کیلئے کانفرنس میں ایک نقطہ نکالا جائے (۳) کانفرنس میں صدر کی شخصی حکومت کو جائز رکھا جائے (۴) سیاسیات اور مذہبیات کی ایک ہی کانفرنس رکھی جائے (۵) کانفرنس میں کوئی بڑا عہدہ کسی ڈاڑھی منڈے کو ہرگز نہ دیا جائے۔ ایک زمانہ گزرا جب ہمکو لکھنے کی عادت ہی نہ تھی بالکل ترک کردہ بنا دیا کرتے تھے۔ اور اب جب سے مختصر نویسی کا نسخہ ایجاد ہوا ہے ہم نے بھی مختصر نویسی پر اختصار کر لیا ہے اسلئے صرف جزء کے اختصار سے کام لینگے۔ خدا کرے ہماری تحریر جناب کاظم حسین صاحب فارسی صدر الافاضل کے ملاحظہ سے گزر جائے۔ اور وہ اس کا کوئی معقول جواب بھی مرحمت فرما دیں۔ اگر جواب سے ہم مطمئن ہو گئے تو صرف شکریہ لکھکر بحث کو ختم کر دینگے۔ ورنہ پھر جو ہماری سمجھ میں آئیگا لکھیں گے۔ جناب صدر الافاضل صاحب کو معلوم ہے کہ ہم عالم تو نہیں ہیں لیکن علم کے آغوش میں پرورش ضرور پائی ہے اور خدا کے فضل و کرم سے عرصہ دراز تک حضرات علمائے اعلام کی نفش برداری کا شرف بھی حاصل رہا ہے جس کے شاہد ہمارے زمانہ کے حضرات سے صرف جناب مولانا سید کلب حسین صاحب عرف کبن صاحب قبلہ ہیں اور وہ ضرور اسکی تصدیق فرما سکتے ہیں۔ جواب (۱) اب جب علماء کرام کے نمائندے نہیں ہیں تو پھر اپنے حضرات علمائے اعلام کی ترک موالات استغفار (۱) وجوہ کہاں سے معلوم کئے۔ مدعا کی پانچویں شق کانفرنس میں کوئی بڑا عہدہ کسی ڈاڑھی منڈے کو ہرگز نہ دیا جائے" آپ نے کس ذمہ داری پر لکھا یا جن حضرات علماء کرام نے کانفرنس سے اس بنا پر ترک موالات فرمائی تھی کہ اس میں ڈاڑھی منڈوں کو آپ کے بقول معزز عہدے دیئے جاتے تھے تو آپ کو ان کے نام تو ضرور معلوم ہونگے۔ ذرا لکھ کر بتا دیجئے کہ ان حضرات نے

بھڑکے گا جو ساتھ اپنا جیواں کی طرف کیجیے   مچائے گا جو گودی میں بچے کو اٹھا لیجیے

فطرت میں ہر اک شے کی پائی گئی آزادی

آزادی نہیں ممکن پہلو میں اگر دل ہے   دل کہتا ہے ہر شے کو یہ میرے ہی قابل ہے

قابل تو ہے مل جانا ہر چیز کا مشکل ہے   مشکل جو ہوا ملنا اب دل ہے کہ بسمل ہے

بسمل جو ہوا دل تو رخصت ہوئی آزادی

رخصت ہوئی آزادی اب کیا کریں مر جائیں   جینے کا نتیجہ کیا من چاہے نہ گر پائیں

مرنا ہے بڑا مشکل اب دل ہی کو سمجھائیں   اے حضرت دل بس اب چھوڑو یہ تمنائیں

چھوڑیں جو تمنائیں حاصل ہوئی آزادی

تیرہ سو برس گزرے اک شخص عرب میں تھا   تھا نام علیؑ اس کا اور دل پہ وہ غالب تھا

خواہش کسی شے کی وہ مطلق نہیں رکھتا تھا   کچھ مل بھی اگر جاتا تو اوروں کو دے دیتا

آزاد تمنا تھا اور ربانی آزادی

دو بیٹے تھے اس کے اک شبیرؑ تھا اک شبرؑ   ان دونوں کو بھی قدرت حاصل تھی یونہی دل پر

آزاد تھے دنیا سے آزادی کے تھے رہبر   ہر شخص سے کہتے تھے مت جان دو دنیا پر

جان دو تو اسی پر دو جس نے تمہیں دنیا دی

شبرؑ تو نہ تھے لیکن شبیرؑ سلامت تھا   اس وقت میں اک ظالم حاکم کا یہ دل چاہا

ویسے تو میں مالک ہوں دنیا کی ہر اک شے کا   ہر شخص کے دل پہ گر قابو ملے ہو اچھا

اس طرح سے میں چھینوں مخلوق کی آزادی

تلوار سے اور زر سے کوشش بہت اس نے کی   اور پیٹ کے بندوں پر کچھ فتح سی بھی پائی

شبیرؑ کی حالت کچھ دیکھی نہ مگر بدلی   تب لکھا یہ حاکم نے لو دولتیں منہ مانگی

پیمانہ ہمرا نبھا اور چھوڑ دو آزادی

شبیرؑ نے یہہ سوچا اس حال میں کیا رکھا   ایمان ہے اگر کامل کیا چیز ہے یہہ دنیا
مالک پہ بھروسہ ہو تو اور کسے کیوں مانگا   لکھ بھیجا کہ میں تو ہوں آزادی کا ہی شیدا

طالب نہیں دولت کا لاکھوں دفعہ ٹھکرا دی

انکار سے ظالم کو غصہ جو بہت آیا   تپتیلے بیاباں میں بچوں کو گھروایا
چھ دن پیاسا مظلوم کو ترسایا   صابر نے مگر ہنس کر ہر بار یہہ فرمایا

میں قول کا صادق ہوں اور حامی آزادی

جنگل میں بہتّر تھے مظلوم کے کل ساتھی   ہر ایک نے جاں دیدی لیکن نہ زباں بدلی
مر کر بھی یہہ شان اپنی سچائی کی دکھلائی   ہر خون کے قطرے سے آواز یہہ آتی تھی

آزاد ہوں میں اب تک تو دشمن آزادی

پامال کئے لاشے خیموں کو جلا ڈالا   بیبیوں کے تو شانے اور بچوں کا گلا باندھا
بیمار تھا اک باقی لوہے میں اسے جکڑا   قیدی کو جو چھیڑا تو وہ بھی یہی چلایا

تم قید جسے سمجھے دراصل ہے آزادی

آزادی کے متوالو اس واقعہ کو سمجھو   اس سچ کے قصے سے سچائی کا گر سیکھو
آزادی اگر چاہو تو جان نہ کچھ سمجھو   ہر بار ظہور حید داس سچے کی جے بولو

سچائی پہ مٹنے کا مفہوم ہے آزادی

میرے عزیز دوست حکیم سید محمود علی خاں صاحب نے جے پور سے مجھے دعوت بھیجی کہ ۱۳-۱۴ رجب کے واسطے آپ
حاضر ہوں اور ایک جلسہ سیرت میلاد مبارک حضرت امیر المومنین میں تقریر کروں۔ اپنی گوناگوں مصروفیتوں کو ناسازی
مزاج کے باوجود میں ۱۲ رجب کو وہاں پہونچا بارش راہ ہی میں بکثرت تھی سبب مجھے جلسے سے روک نہ سکی۔
لیکن حضرت جے پور مجبور رہے اور ۱۳ رکو جلسہ کی بنا نہ ہو سکی۔ سید شبیر حسین صاحب تحصیلدار رامگڈھ نے ۱۴ رجب
کو جلسہ کی بنائی اور بجائے ۱۳ کے ۱۴ رکو اس تقریر کی بنا ہوئی۔ ۱۴ رکو حکیم امیر مومن علی صاحب کے امام باڑہ میں
تقریر ہوئی۔ باوجود موسم کے ناسازگار ہونے کے جلسہ کامیاب رہا اور دوسرے دن کے واسطے امید ہوئی
کہ لوگ بکثرت آئیں گی ۱۵ رکو ایک ہندو بزرگ کی عالیشان کوٹھی میں۔ اچھے دن کے جلسہ شروع ہوا۔ حاضرین
کی تعداد ہزاروں تک تھی۔ ہندو مسلم شیعہ سنی وہابی وغیرہ سب موجود تھے۔ امین الملک حضرت اشرف میرزا اسمٰعیل [illegible]
وزیر اعظم ریاست جے پور اور عالی مرتبت والا شان مرزا محمد رفیع اصفہانی مع چند دیگر معزز ایرانی حضرات
شریک جلسہ تھے۔ مرزا ہندوستان میں کسی تعارف کے محتاج نہیں ہیں۔ آپ نے ریاست میسور کی وزارت عظمیٰ
کے عہدہ پر عرصہ تک فائز رہ کر امور ریاست کو اس طرح سرانجام دیا کہ عرصہ دراز تک یادگار رہے گا۔
ریاست جے پور کی خوش قسمتی ہے کہ اسے ایسا مدبر ماہر امور ریاست اخلاق کا مجسمہ علم و کمال کی زندہ تصویر
وزیر اعظم ملا اب ریاست اس وزارت عظمیٰ کے عہد میں ترقی کے کس بلند پایہ پر پہونچ گئی۔
ریاست کے تقریباً پچاس ہزار سے بے روزگار و فاقہ میں مبتلا اشخاص برسرکار ہیں اور رفاہ عام کے
کاموں میں اب لوگوں کے واسطے کام نکالے گئے ہیں اور یقیناً اس وقت ریاست جے پور میں لاکھوں
آدمی دعاگوئی میں مصروف ہیں۔ عالی مرتبت مرزا محمد رفیع صاحب اصفہانی کا نام اسلامی دنیا کے صفحات
پر پہلی مرتبہ آیا ہے۔ آپ کی زندگی کا زیادہ حصہ رنگون میں صرف ہوا ہے اور رنگون کی مجلس واضعان قانون
و آئین کے صدر ہونے کے علاوہ قدرت نے آپ کو وہ طاقت گویائی عطا فرمائی ہے کہ سننے والے
نقش حیرت بن جاتے ہیں۔ آپ کی قانون دانی مسلم ہے اور اسی بنا پر آپ کو ریاست جے پور میں دعوت
دی گئی اور چند ماہ سے آپ مصروف ہیں۔ راقم الحروف کو سنہ ۱۹۰۴ء سے آپ سے نیاز حاصل ہے۔ (بقیہ صفحہ ۱۹ پر ملاحظہ ہو)

نذرِ حیدری

(از فاضل مشرقیات پروفیسر واقف صاحب ممبئی)

اے چراغِ فاطمہ بدر الدجےٰ کی یادگار	وان بدن اب بڑھتے ہی جاتے ہیں تیرے جاں نثار
بیکسی تیری محافظ تھی سوادِ شام میں	شمع حق ۔ ہاں اب تو پروانوں کا ہو جائے شمار

اے دلیل حق حقیقت کوش حق بین ۔ حق شعار	ہے فضائے دہر پہ چھائی ہوئی تیری بہار
آج تو دہرا دے ہل من ناصر کی وہ صدا	سیدہ کے لال حاضر ہیں کروڑوں جاں نثار

کربلا والوں سے خطاب

(از جناب سید باحیدر آقا امروہوی متعلم ایم ۔ اے جے پور)

ارض و سماں تمھارا باغِ جناں تمہارا	کیا کچھ نہیں تمہارا جب لامکاں تمھارا
گیتی پہ خوں کے چھینٹے ہیں لالہ زار ایماں	مہکا رہا ہے عالم یہ گلستاں تمھارا
خوشنودیٔ الٰہی آنسو بہا رہی تھی	غربت میں لٹ رہا تھا جب کارواں تمہارا
قرباں ہوکے تم نے قرآں کی لاج رکھ لی	تم اس کے پاسباں ہو وہ پاسباں تمھارا

آفاق کے نفس میں گرمی تمہارے دم سے — افلاک کے جگر میں سوزِ نہاں تمہارا
روکے سے کب رُکا ہے باطل کی سرحدوں میں — سیلابِ حریت ہے ہر دم رواں تمہارا
چمکی جبینِ ایماں سجدوں سے بس تمہارے — اسلام کا نفس ہے شورِ اذاں تمہارا
منظور تھی خدا کو خلقت کی آزمائش — تھا امتحانِ احمد یہ امتحاں تمہارا
ممکن ہے لوٹ دنیا سورج کی سمت لیکن — ممکن نہیں مٹانا نام و نشاں تمہارا

تہنیت ولادت باکرامت جناب مولائے کائنات علیہ الصلوٰۃ و علیہ السلام

(از عالیجناب حضرت عزیز الملک سلیمانی مدظلہ صفی چشتی جے پوری)

(یہ نظمیں جلسہ ۱۳ رجب ۱۳۵۳ھ [illegible] پڑھی گئیں)

نام میں جب سب سے برتر ہیں تو برتر ہیں علیؑ — کام میں جب سب سے بڑھ کر ہیں تو بڑھ کر ہیں علیؑ
روحِ قدرت ہیں علیؑ جانِ پیمبر ہیں علیؑ — خلق میں بعد محمدؐ سب سے بہتر ہیں علیؑ
اشرف المخلوق کا معبد، زچہ خانہ بنا — آنکھ والے ابتدا دیکھیں کہ کس گھر ہیں علیؑ
شادمانی دیکھئے کعبے کی باچھیں کھل گئیں — کھل گیا دیوار سے اعجاز کے در میں علیؑ
نیک طینت نیک نیت نیک طلعت نیک خو — پاک صورت پاک سیرت پاک گوہر ہیں علیؑ
جس کے جوہر مصطفےٰ ہیں وہ عرض ہیں مرتضےٰ — اور عرض ہے جس کا سب خلقت وہ جوہر ہیں علیؑ
جس کی صامت نوع ہے وہ اصل نطق بوتراب — جس سے مشتق سورۃ و آیت و مصدر ہیں علیؑ
حضرت سلمانؓ نے پڑھ کر انبیاء کی سب کتب — کہہ دیا ہر لفظ کے حرف مقدر ہیں علیؑ
ذرہ ذرہ جگمگا اٹھا زمین فضل کا — آسمانِ علم کے مہر منور ہیں علیؑ

مصرعِ اوّل نبیؐ ہیں مصرعِ ثانی جناب — یک کامل مثنوی کے ساتوں دفتر ہیں علیؑ
آپ سا شاہِ ولایت ہفت کشور میں نہیں — آٹھوں جنت کھل گئیں وہ عدل گستر ہیں علیؑ
کون! یہ قوت دکھائے غیرِ دستِ کبریا — مہد میں اژدر کو چیر ایسے حیدر ہیں علیؑ
اے نگاہِ کفر و ایماں؟ دعوتِ نظارہ ہے — تو نے سمجھی محمدؐ زیرِ چادر ہیں علیؑ
کون پورا بسترِ ہجرت پر آیا جبرائیلؑ؟ — ناپ لو قامت محمدؐ کے برابر ہیں علیؑ
عاشقانِ باوفا کی بھی عجب معراج ہے — قربِ حق میں باہر احمدؐ اور اندر ہیں علیؑ
ایمن اک تشبیہ ہے اور طور اک تلمیح ہے — ہوشِ موسیٰؑ کی قسم تنزیہ منظر ہیں علیؑ
دستِ حق بازوئے احمدؐ تیغِ دیں امت سپر — زوجِ زہراؑ قبلۂ شبیرؑ و شبرؑ ہیں علیؑ
آپ کا ممنونِ احسان آج تک اسلام ہے — فاتحِ بدر و احد احزاب و خیبر ہیں علیؑ
کہہ رہی ہیں صاف تسلیم و رضا کی آیتیں — قاسمِ جنت قسیمِ حوضِ کوثر ہیں علیؑ
مانتے ہیں عرشِ اعظم کو جو فوقِ کائنات ق — اور یہ کہتے ہیں کہ کیا اس سے بڑھ کر ہیں علیؑ
ان سے کہہ دو تفرقہ کیوں؟ فرق کی کیا بات ہے — ہم کہیں کیوں کس سے برتر کس سے کمتر ہیں علیؑ
عرش کے تارے نہ توڑیں فرشِ ہجرت دیکھ لیں — خوابِ راحت سے ذرا چونکیں تو بستر ہیں علیؑ
ہو نہ زحمت تو ذرا اللہ کے گھر تک چلیں — اور دیکھیں کعبہ میں کس منزلت پر ہیں علیؑ
صاحبِ معراج کے کاندھوں پہ ہیں کس کے قدم — کہیئے فرقِ عرش کے تابندہ افسر ہیں علیؑ
تیرہ[۱۳] ستائیس[۲۷] میں بس چودہ[۱۴] دن کا فرق ہے — چار دہ[۱۴] معصوم میں اللہ اکبر ہیں علیؑ
یہ حدودِ شرح کی تہذیب کا ہے اکتساب — مہرِ قدرت ہیں محمدؐ ماہ پیکر ہیں علیؑ

سلام

(از علامہ جناب نواب عباس یار جنگ بہادر رشید ابن جعفر نواب تراب یار جنگ بہادر سعید دام اقبالہم جاگیردار حیدرآباد دکن)

پست ارمانوں کے مٹنے کا سماں دیکھا کیے — دیر تک شبیرؑ روئے نوجواں دیکھا کیے

آرزو عباس کے دل میں جو تھی پوری ہوئی — مرتے دم بھی چہرۂ شاہ زماں دیکھا کیے

حشر میں پہنچا تو بولے آفتاب حشر کو — سب میرے سینہ پہ ماتم کا نشاں دیکھا کیے

ہر قدم پر کربلا سے شام تک نیزے پہ شاہ — ہائے کس حسرت سے صبر ناتواں دیکھا کیے

بعد اکبر کچھ نہ سوجھا جب تو شاہ کربلا — سر جھکا کر دل پہ داغ نوجواں دیکھا کیے

شہ کے غم میں ہو گئے جب منتشر اوراق گل — ہر درخت کربلا کی داستاں دیکھا کیے

ناخدائے کشتی امت تو تھے لیکن حسینؑ — چادر زینبؑ میں شامل بادباں دیکھا کیے

جو مجسم نور تھے امت کی خاطر اے رشید
شام کے زنداں میں کیا تاریکیاں دیکھا کیے

(نوٹ: پریس کی متواتر دقتوں کی وجہ سے رسالہ بے حد دیر میں شائع ہو رہا ہے۔ اب آئندہ پرچہ [illegible] ماہ میں شائع ہوگا [illegible] جو نظمیں درج تھیں وہ بے حد [illegible] نہ ابھر سکیں۔ ان نظموں کا بقیہ حصہ اشاعت آئندہ میں شائع کیا جائیگا۔ [illegible] نظم کے چند شعر رہ گئے۔ بقیہ صفحہ [illegible] پر ملاحظہ ہوں۔ (مدیر)

گرچہ ہیں شاہ ولایت بادشاہ دوجہاں　　قانع و شاکر مگر نان جویں پہ ہیں علیؑ
جان کی بازی لگا کر سو گئے ہجرت کی شب　　موت کی پروا نہ کی ایسے دلاور ہیں علیؑ
ناصر دین الٰہی قاسم نار و جناں　　حامیٔ امت شفیع روز محشر ہیں علیؑ

کچھ نہیں دشوار آغا مومنوں کا داخلہ
گلشن فردوس کے سردار و سرور ہیں علیؑ

حکیم سید مومن علیخاں صاحب شوق رئیس جے پور

خانہ زاد کبریا اللہ اکبر ہیں علیؑ　　جلوۂ نور خداوندی کے مظہر ہیں علیؑ
آسمان شرع کے ماہ منور ہیں علیؑ　　نفس پیغمبر ہیں بیشک سب سے بہتر ہیں علیؑ

ہادی برحق شفیع روز محشر ہیں علیؑ
مالکِ تسنیم ہیں ساقی کوثر ہیں علیؑ

انجمن میں ہر طرف صلِّ علیٰ کی ہے پکار　　وجد کا عالم بھی ہے پہلو میں دل ہے بے قرار
بادۂ کوثر کی خوشبو لیکے آئی ہے بہار　　میکشوں میں ہے فقط پیرِ مغاں کا انتظار

ہادی برحق شفیع روز محشر ہیں علیؑ
مالک تسنیم ہیں ساقی کوثر ہیں علیؑ

یہ وہ صہبا ہے ثناخواں جس کا خود قرآن ہے　　جنتی رہیں پینے والے یہ خدا کی شان ہے
مے پرستوں کا یہی مشرف علی الاعلان ہے　　لطف ساقی سے دین اور میکشی ایمان ہے

ہادی برحق شفیع روزِ محشر ہیں علیؑ
مالکِ تسنیم ہیں ساقیِ کوثر ہیں علیؑ

کون ہو ساقی ہمارا یہ بھی کچھ معلوم ہے — نائبِ خیر الورا ہو خلق کا مخدوم ہے
طیب و طاہر ہے وہ دنیا میں اس کی دھوم ہو — رند بھی ہیں پارسا ساقی بھی خود معصوم ہے

ہادی برحق شفیع روزِ محشر ہیں علیؑ
مالکِ تسنیم ہیں ساقیِ کوثر ہیں علیؑ

الفتِ ساقی سوا یاں دل میں گنجائش نہیں — دل ہے پیمانہ تو پھر ایمان میں لغزش نہیں
بادہ نوشوں کے لئے اعمال کی پرسش نہیں — بے پیئے جامِ مئے حبِ علیؑ بخشش نہیں

ہادی برحق شفیع روزِ محشر ہیں علیؑ
مالکِ تسنیم ہیں ساقیِ کوثر ہیں علیؑ

منقبت میں کس طرح ذکرِ مئے کوثر نہ ہو — بزم ہو ساقی ہو لیکن بادہ و ساغر نہ ہو
دل ہو دلیں آرزوئیں ہوں مگر دلبر نہ ہو — بخشنے والا اگر بخشے تو پھر کیوں کر نہ ہو

ہادی برحق شفیع روزِ محشر ہیں علیؑ
مالکِ تسنیم ہیں ساقیِ کوثر ہیں علیؑ

مست ہیں ہم کہ مئے حبِ علی سے کام ہے — مئے کدہ آباد ہے لبریز دل کا جام ہے
بادۂ کوثر جو پوچھو بس اسی کا نام ہے — فکرِ عقبیٰ ہے کسے کس کو غمِ انجام ہے

ہادی برحق شفیع روزِ محشر ہیں علیؑ
مالکِ تسنیم ہیں ساقیِ کوثر ہیں علیؑ

(بسلسلہ صفحہ ۱۲)
گرویدہ ہے ان دونوں بزرگوں سے اس جلسہ میں ملاقات ایک نعمت غیر مترقبہ تھی۔ مجھے خیال بھی نہ تھا کہ جے پور میں ان دو محترم بزرگوں سے ملاقات کا موقع ملے گا۔ دونوں بزرگوار خاکسار سے ملکر مسرور ہوئے اور سر میرزا نے شب کے خاصہ پر مدعو کیا۔ عالی مرتبت میرزا احمد رفیع کو بھی دعوت دی گئی مجھے افسوس ہے کہ میں بدیر پہونچا اور میری وجہ سے معزز میزبان کو زحمت انتظار گوارا کرنا پڑی صحبت نہایت پر لطف رہی ۱۲ بجے شب کے قریب واپسی کا موقع ملا۔ سر میرزا نے ایک مجلد نالۂ حزیں "من کلام جنت آرام گاہ آقا محمد علی شوستری حزیں مرحمت فرمائی اور اپنے دست مبارک سے بنام مولانا نقار علی صاحب از طرف میرزا اسمٰعیل جے پور ۱۰ر جولائی ۱۹۴۳ء" تحریر فرمایا۔ یہ کتاب حضرت علامہ آقائے میرزا عباس شوستری زاد فضلہ، کے مقدمہ کے ساتھ بنگلور میں طبع ہوئی بہترین طباعت ہوئی ہے کے چھاپہ اور بے حد خوبصورت جلد کے ساتھ شائع ہوئی ہے۔ اس مقدمہ کے بعد حمد و نعت و منقبت ہے اور اس کے بعد واقعات کربلا کو ایسے پر زور طریقہ پر نظم کیا ہے کہ دیکھنے والے کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہوجاتے ہیں جو فاضل مصنف کے جذبۂ الفت اور خلوص نیت پر دال ہے۔ سردست ہم کتاب مذکور سے حمد و نعت پیش کش ناظرین کرتے ہیں انشاءاللہ آئندہ اشاعت میں جستہ جستہ بعض دیگر حصے پیش کریں گے۔

(خاکسار حیدری)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

بنام خداوند خلاق جاں | خداوند روزی دہ انس و جاں
نگارندۂ نقش ہستی ز کن | ستانیدۂ جاں ز تن بے سخن
فروزندۂ اختر تابناک | برآرندۂ گوہر از تیرہ خاک
خداوند ماہ و خداوند مہر | خداوند ناہید و کیواں سپہر
خدا ایگہ مہر رخشاں از اوست | فروغ رخ ماہ تابان از اوست
فروزاں کواکب ز انوار اوست | چہ ثابت چہ سیارہ زاسرار اوست

باحساں او ہست امیدوار | اگر بندہ ور نامور شہریار
نہ روید گیاہ و نجنبد شجر | بود ہر دو را سوئے حکمش نظر
بحکم تو ہر دم نفس میزنم | بہ آہنگ تو این جرس میزنم
ندارم چہ بودم چہ ہستم کنوں | بود لطف تو بس مرا رہنموں
شد از بار عصیاں مراپشت خم | بہ بخشائے بر حال من از کرم

در نعت سرور کائنات خلاصۂ موجودات محمد مصطفیٰ صلوٰۃ اللہ علیہ

بہ پاکان درگاہ عالی ہمم | بحق محمد شفیع الامم
شہنشاہ دین شافع المذنبین | رسول خدا سید المرسلین
نہ قحطان و عدنان آہنگ او | نیامد بہ گفتار ہم سنگ او
بہ مدح کسی چوں کشایم زباں | کہ جولاں گہش بود ہفت آسماں
سپے نعت او من چو آرم دلیل | کہ مدحش نمودہ خدائے جلیل
بہ فرمان او انبیائے عظام | نہادہ ہمہ سر علیہ السلام
بہشت از برایش شدہ آراستہ | جہاں بہر او گشتہ پیراستہ
چو او بود مقصود اندر جہاں | بشد خلقت جملہ کون و مکان

وگر نہ نمی گشت برپا سپہر
ندیدے کسے در جہاں ماہ و مہر

فن شعر گوئی ان فنون میں سے ہے جن سے ہمیشہ اہل علم شرفا۔ امرا اور سلاطین کو گہری دلچسپی رہی ہے۔ شاہان دہلی و لکھنؤ و دکن میں بڑے بڑے قدردانان علم و ہنر نظر آتے ہیں اور آج بھی شہر یار دکن خلد اللہ ملکہٗ و سلطانتہٗ خود بہ نفس نفیس اور ان کے شاہزادے بہترین موزوں طبع کے مالک ہیں اور قابل فخر نظمیں شائع ہوتی رہتی ہیں۔ شاہان اودھ کے یادگار اس فن لطیف سے اب بھی دلچسپی رکھتے ہیں اور ہمارے مخدوم پرنس مرزا محمد کاظم علی دام عزہٗ و اقبالہٗ ان چند مقتدر ہستیوں میں سے ہیں جو یادگار سلف ہیں۔ آپ کا کلام جو درج ذیل ہے خود ہمارے بیان کی تصدیق کرے گا آپ کی طبیعت جہاں مشکل پسند واقع ہوئی ہے وہاں جذبات سے مملو اور حقائق کی ترجمان بھی ہے اس مصرعہ طرح پر کہ :-

پائے سجاد میں زنجیر تھی دوہری تہری

آٹھ شعر سلام کے اور ہر شعر اپنے مقام پر قابل داد واقعی آپ کا حصہ ہے۔ ناظرین بغور ملاحظہ فرمائیں۔ آیندہ ہر ماہ میں ہم آپ کے کلام کا نمونہ پیش کرتے رہیں گے۔ (ایڈیٹر)

سلام

شاہ کے قتل کی تدبیر تھی دوہری تہری
فوج کیں سمت بشمشیر تھی دوہری تہری

پائے سجاد میں زنجیر تھی دوہری تہری
پاؤں میں آبلے بھی
ہر قدم فخر روش تقدیر تھی دوہری تہری
کانٹے تلووں میں وہ
زحمت راہ عنا تحریر تھی دوہری تہری

ایک سی میں سپر فلک کے گلے تھے بارہ
بن ظلم گلوگیر تھی دوہری تہری

علی اکبر بھی ہوئے عون و محمد بھی شہید
حسرت زینب دلگیر تھی دوہری تہری

چھید اصغر کا گلا بازوئے شہ قلب علی
تھا بنا نوک سے جو تیر تھی دوہری تہری

لٹ گئیں پردہ نشینوں کی ردائیں
سر پہ یاں چادر تطہیر تھی دوہری تہری

گلشن خلد ملا کوثر و تسنیم ملا
جو ملی حر کو وہ جاگیر تھی دوہری تہری

مرکز تبلیغ اسلام کی اہمیت

اس امر سے کون انکار کر سکتا ہے کہ مسلمانان ہند کے واسطے بالعموم اور فرقہ شیعہ کے واسطے بالمخصوص لکھنؤ صدیوں سے اپنی مرکز رہا ہے۔ تفصیل کا محل نہیں ہے۔ گذشتہ پچاس سال کے عرصہ میں (کم از کم) لکھنؤ نے مسلمانان ہند کی جو دینی امداد کی ہے وہ محتاج بیان نہیں۔ اخبار بین حضرات اس سے واقف ہیں۔

ضرورت ایجاد کی ماں ہے

اس مسئلہ سے بھی انکار نہیں کیا جا سکتا۔ اقتضار زمانہ کے اعتبار پر لکھنؤ میں مختلف اوقات میں مختلف مذہبی اداروں کی بنا ہوئے اور ہر ادارے نے جیسا جیسا اس کو ترقی کا موقع ملا ترقی بھی کی لیکن اس کے یہہ معنی ہرگز نہیں ہو سکتے کہ اب لکھنؤ میں کسی ادارہ کی بنا کی ضرورت ہی نہیں ہے۔ چاہے سارے ملک کو اس قسم کے ادارے کی احتیاج ہو۔ مختلف اسباب کی بنا پر لکھنؤ کو مرکزیت حاصل رہی ہے اور اب بھی ہے۔ اگرچہ لکھنؤ کی مرکزیت بہت سے حضرات کو اچھی نہیں معلوم ہوتی لیکن ان کے اچھے نہ معلوم ہونے سے لکھنؤ کی مرکزیت نہیں جا سکتی ندوۃ العلماء کی جس وقت بنا ڈالی گئی تھی۔ اکثر حضرات کو جو اسی قسم کا ادارہ بخیال خود اپنے پاس دوسرے مقامات پر رکھتے تھے۔ ناگوار ضرور گزرا لیکن اسی ندوۃ العلماء نے ایسے مشاہیر علماء دنیا کے سامنے پیش کئے جو لکھنؤ کے باہر والے اداروں کے پیش کردہ علماء سے اکثر و بیشتر خصوصیات کے اعتبار پر بڑھے رہے۔

تبلیغ اسلام کے واسطے اگرچہ دوسرے مقامات پر ادارے بیشتر سے قائم تھے لیکن انکی نوعیت خاص تھی۔ لکھنؤ کے مدبرین نے اس ضرورت کو محسوس کر کے ادارہ مدرسۃ الواعظین قائم کیا جو بفضلہ تعالیٰ گزشتہ ۲۰-۲۵ سال کے عرصہ میں جس قدر اسلامی تبلیغی خدمات انجام دے چکا ہے وہ قابل انکار نہیں ہیں۔

تقریراً و تحریراً اس ادارے نے حفاظت اسلام کے واسطے سینہ سپر کرنے والے مجاہدین تیار کئے اور اس قلیل زمانہ میں جو پرخلوص خدمات اس ادارہ سے وابستہ حضرات نے انجام دیئے ہیں وہ آب زر سے لکھے جانے کے قابل ہیں۔ مدرسۃ الواعظین کے بانی جنت آرامگاہ سرکار مہاراجہ بہادر آف محمود آباد مسلمانان عالم کے شکریہ کے مستحق ہیں اور ہر مسلم کا فریضہ ہے کہ ان کی روح پرفتوح کے ایصال ثواب کے واسطے سورہ فاتحہ پڑھے اور ان کے واسطے دعائے مغفرت کرے۔ موصوف نے اس ادارے کی بنا حسب تحریک سرکار شریعت حجۃ الاسلام نجم العلما مولانا سید نجم الحسن صاحب قبلہ طاب ثراہ نے اور خزانہ ریاست سے ایک معتد بہ رقم اس ادارے کی جاری کرنے کے واسطے وقف کی۔

سرکار نجم العلما طاب ثراہ کے ذاتی اثر اور ان کے خادموں کی پرخلوص کوشش کا یہ نتیجہ ہوا کہ مدرسۃ الواعظین کے مصارف -/۶۵۰۰ عطیہ سرکار مہاراجہ صاحب بہادر اعلی اللہ مقامہ کی بجائے کبھی کبھی -/۳۲۰۰۰ سالانہ تک پہونچے اور مداخل اس سے بھی زائد ہوئے۔ نامساعدت زمانہ کی بنا پر اس آمد و خرچ کا توازن باقی نہ رہ سکا اور رفتہ رفتہ اس میں کمی ہوتی گئی۔ لیکن سرکار نجم العلما طاب ثراہ بہ نفس نفیس وفات سرکار مہاراجہ بہادر کے بعد بھی اسی طرح ہمہ تن مصروف کوشش رہے اور عالیجناب راجہ صاحب بہادر آف محمود آباد نے اپنے والد ماجد علی اللہ مقامہ کے مثل اس ادارہ کے ساتھ دلچسپی باقی رکھی اور آج بھی مدرسۃ الواعظین باوجود کثیر التعداد موانع کے اسلامی خدمت میں مصروف ہے۔ مجھے خوب یاد ہے کہ سرکار مہاراجہ بہادر آف محمود آباد نے مجھے پٹنہ کے مقام پر غالباً ۱۹۲۷ء میں فرمایا کہ مرحوم کا منشا ہے کہ مدرسۃ الواعظین ہر مذہب کے مبلغین کو تیار کر کے مختلف نقاط ہند میں تبلیغ کے واسطے بھیجے۔ لیکن ایک مرکز میں مختلف عقائد کے حضرات کو تبلیغ کے واسطے تیار کر کے روانہ کرنا فرد ادشوار امر تھا اور افسوس ہے کہ مرحوم اپنی زندگی میں اس مقصد تعین کو حاصل نہ کر سکے۔ سرکار نجم العلما طاب ثراہ نے جو دستور العمل مدرسہ کا تیار کرایا تھا اس میں بھی ایک خصوصی دفعہ اس مضمون کی تھی کہ فرق اسلامیہ میں اتحاد و اتفاق کی لہر دوڑانا مدرسہ کے مبلغین کا فریضہ ہوگا۔ دستور العمل اس وقت میرے سامنے نہیں ہے۔ لیکن اس کے ملاحظہ سے انشاء اللہ تعالی یہی مفہوم ظاہر ہوگا۔

